بسم اللہ الرحمن الرحیم

ب پروردہ دبیرستان نادانی محمد انوار حسین تسلیم سہسوانی اصحاب نکتہ سنج و ارباب سخن گستر کی
ت عالیہ مین عرض کرتا ہے کہ جسم معنی و جان سخن گل نوخیز باغ فن کنور کشن نگار متخلص وقار
ین فرزند رای بیردس کشن رئیس مرادآباد کا دیوان اول کہ آخر سنہ ۱۸۷۳ عیسوی تدوین پذیر ہوا
طبع اوودہ اخبار مین چھپا۔ چونکہ ابتدا سے شوق سے آجتک سواد مسودہ ہر غزل
نم مشتاق بندہ کو روشن کرتا ہے اہتمام طبع و تصحیح و تقسیم بھی ادھر ہی رہا — اگرچہ یہ
یح زبان و معوج بیان متوسل مطبع اوودہ اخبار کا ہے لیکن ہر صاحب کمال کا عموماً اور
کان دیگر مطابع کا خصوصاً بوجہ رتبہ سنجی و منزلت افزائی کے تہ دل سے شکر گزار ہے
واسطے ایک ایک مجلد مصنفہ بطور قسم اپنی معرفت اپنے قدردانون کے حضور پرنور مین پیش
کے امید رکھتا ہون کہ بقبول ہدیہ مصنفہ کو سربلند فرمائین اور اپنے نیازمند کا
بڑھائین سے ای خدا آرزوی من چہ خوش است ٭ بدین آرزو مرا برسان ٭ اگر زبان
ار و انتون کا ذکر بھی تو یہ فرماتی کہ اللہ تعالے جلشانہ ہمت و شوق وقار کو دن دونا رات سوایا
م و نایل سوایا بہتا رسکے مثل دیگر رئیس زادون و امیرزادون کے بٹیر لڑانے کنکوا اور اڑانے
و چنڈو پینے فلک سیر کمانے مندری مسی لگانے گانی بجانے ملایم وضع بنانے معشوق کا
رفی ادہی آہ کر تنکی طرف متوجہ نکرے — مالکان مطبع بذریعہ رقعہ ایک ایک پرچہ اخبار کے
دیگر صاحب بوسیلہ تمیلہ تالطف نامجات کے رسید دیوان اس نشان سے کر (مقام سہسوان
ہ ضلع مرادآباد بخدمت کنور کشن نگار صاحب وقار رسید) روانہ فرمائین — بحکم
مرعہ مشہور ٭ نازبران کن کہ خریدار تست ٭ عرض دیگر یہ ہے کہ صاحبان اخبار اپنے
کہر بار مین ایک ایک ریویو تحریر فرمائین اور شعرای نازک خیال کوئی مضمون خاص رقم مین
ن — انشاء اللہ العزیز بعد آنے کل رسیدون کے یہ مجموعہ بطور یادگار علحدہ
ہوگا۔ والسلام

مورخہ ۱۱ نومبر سنہ ۱۸۷۴ع

بعون صنائع ملک مبین و فضل خلاق زمین و زمان

نتیجہ طبع ذکا و کرشمہ فکر رسا جلوہ خیال بلند و شوخی خاطر ارجمند

بہارستان

١٢٩٧

شاعر لاثانی جناب منشی انوار حسین صاحب تسلیم سہسوانی کی اہتمام تصحیح سے

مطبع منشی نولکشور میں طبع ہو کر حسب مقصود چھپا

رفاہ و دوست خاص و عام بلکہ خیر خواہ کافۂ انام ہاتک مطبع و اخبار نولکشور نام رکھا
ناظرین باتمکین کی خدمت میں لائق گذارش یہ ہے کہ ان ایام میمنت فرجام میں دیوان ل کنور کشن کمار
وقار رئیس مراد آباد کا اس مطبع میں طبع ہوا و بعون حکیم سخن آفرین مقبول و پسند ہر طبع ہوا
اگر اس مقام پر فصاحت و شوخی کلام بیان ہو بالیقین لوگوں کو یار فروشی کا گمان ہو اسواسطے
ستودگی و محمودگی مضامین و صفائی بندش و پاکیزگی طبع حوالہ ملاحظۂ اصحاب سخن و ارباب فن
کرکے اصل مطلب کی طرف توجہ کرتا ہوں کہ یہی موقع اوسکے ادا کا ہے بحکم شوق مختصر سوانح
حال فرخ فال کنور صاحب باندازہ اپنے علم و آگہی کے بسر گوشی خامہ قلمبند کرتا ہوں
اور تکلیف تکلف و آزار تصنع ناپسند کرتا ہوں کنور کشن کمار صاحب وقار رئیس فرزند
رای پردمن کشن صاحب رئیس مراد آباد و تعلقدار اضلاع مراد آباد و بداون کے ہیں مورث
اعلی کو محمد شاہ بادشاہ دہلی نے خطاب راے سے سرفراز فرمایا کہ عہدۂ وکالت پر مراد آباد
مین امتیاز و اعزاز بخشا اوس وقت سے قیام مراد آباد کی بنیاد قائم ہوئی جد امجد یعنی
رای آتمارام عہد دولت عہد نواب آصف الدولہ بہادر مین خدمت جلیلہ نیابت
چکلہ داری چودہ محال بجنور پر سربلند و ارجمند ہوئے جب یہ ملک تقسیم سن آنہ و شش آنہ مین
کمپنی انگریز بہادر کے قبضہ و دخل مین آیا رای آتمارام عہدۂ منشی عدالت دیوانی مراد آباد پر
کہ اوس وقت بھی عہدہ نہایت درجہ کا معزز تھا ممتاز ہوئے آخر روزگار ترک کرکے
اضلاع مراد آباد و بجنور و بداون مین تعلقہ خرید فرمایا کہ بافضال الہی ابتک بدستور ہے
بلکہ اونھین کی برکت و نیت سے یوماً فیوماً ترقی پر ہے غدر ۱۸۵۷ء کہ خیرسگالی رؤسا
و عائد کے واسطے ایک عیار کامل تھا رای پردمن کشن صاحب کے اقبال تو مند نے خوبیوں کے
ساتھ زور دکھائے اگر حال شرح و بسط سے تحریر مین آئے ایک دفتر تیار ہو جائے
لہذا اجمالاً کیفیت لکھتا ہوں کہ جو امور انتظام حکام وقت نے یعنی صاحب مجسٹریٹ بہادر

مرادآباد اور کارہیکل صاحب بہادر مجسٹریٹ بدایون نے سپرد فرمائے راے صاحب نے عمدہ
شایستگی سے انجام دیے جیسا کہ چاہیے پوری پوری تحصیل کی جبکہ مرادآباد مین آتش بغاوت
بھڑکائی حکام نے نینی تال و میرٹھ کی راہ لی۔ مجو خان کی نوابی قرار پائی راے صاحب
کسی پیرایے سے شریک کردار و ہنجار کے نہوئے جادۂ خیرخواہی پر ثابت قدم رہے
گو کہ اوسوقت انواع انواع قسم کی تکلیف پونہچی یعنی باغیون نے فیل و اسپ چھکڑا و دیگر
اسباب پیروست غارت دراز کیا جب تالی رام پونہچ بحکم حکام انگریزی ضلع مرادآباد و بجنور کا
بندوبست کیا راے صاحب موصوف کی صلاح امورات انتظام مالی و ملکی مین قدم سے تھے
ہنگام تسلط نوابصاحب بہادر ہنگامہ باغیون مین رایصاحب ممدوح نے بجمعیت چند ملازم
ذاتی باغیون سے ایک حصہ میگزین کا مع ایک توپ برا پلٹی کے چھین لیا ایک آدمی اور
دو گھوڑے باغیون کے زخمی کیے ایک آدمی ادھر کا بھی زخمی ہوا نینی تال پہ معقول سرایہ
بحفاظت اپنے آدمیون کے روانہ کیا۔ بخصلہ اس ضلع کے خیرخواہان انگلشیہ مین نہایت
ناموری نامداری کی حاصل کی چنانچہ جلدو مین حسن ہستی و خیراندیشی کے سرکار نے
بکمال قدردانی کے ساتھ سند مالگزاری و زمینداری کی عطا فرمائی کہ موجب شک و شمنو نکا
ہے ہم سند موصوفہ کو ذیل مین بکمال خوشی سے درج کرتے ہین۔ راے صاحب بجمیع صفات
موصوف ہین آج ہندوستان مین مشہور و معروف ہین فی الحقیقت راے صاحب
عقیل عصر و فریدۂ دہر ہین فیاض بھی ہین رحمدل بھی ہین آپ کی سرکار کی نوکری
جاگیر ہے بجاے جاگیر متوفی اوسکا وارث قائم ہوتا ہے۔ چشم بد دور ماشاء اللہ
کنور صاحب خلف الرشید ہین کہ رایصاحب سے بھی وضعداری و نیک اندیشی
و کرم و عنایت مین قدم بڑھا کر رکھتے ہین ایزد بسیار بخش اون سے زیادہ بخشے
اور ہمیشہ توفیق نیک رفیق رکھے آمین ثم آمین

نقل پروانه محکمه عالیه گورنمنت ممالک مغربی و شمالی

مهر محکمه عالیه گورنمنت
ممالک مغربی و شمالی
سنه ۱۸۵۹ عیسوی

دستخط انگریزی

رفعت و عوالی مرتبت چمن سنگه تعلقه دار ساکن مراد آباد مورد مراحم الطاف باشند

درینولا از روی رپورت صاحب کمشنر بهادر روهیلکهند مرقومه ۳ سپتمبر ۱۸۵۸ع نمبر ۹۴۳ بحضور معدلت دستور بندگان والاشان نواب معلی القاب لفتنت گورنر بهادر دام اقباله بصد تحسین و هویدا گشت که آن عوالی مرتبت بایام بلوه باغیان شقاوت شعار بحفظ و رفاه صاحبان انگریز بهادر سعی کوشیده تا الحال سرچشمه اخبار باغیان نکبت نشان رسانیدند و اسباب رسد و خورد و نوش وغیره فرستادند و نیز زر مالگزاری سرکار پیشکی ادا نمودند و از حسن سعی و کوشش خود خویش انتظام سه پرگنه باحسن الوجوه کردند چنانچه دریافت این همه مراتب خیرخواهی و نیکخواهی سرکار ذوی الاقتدار موجب نهایت شناسندی و خوشنودی خاطر بندگان نواب صاحب محتشم الیهم گردیده و برای عطای زمینداری جمعی سه هزار روپیه حکم فیض شیم بشرف نفاذ پیوسته لهذا حسب فرمان فیاضت توامان نواب صاحب معظم الیهم پروانه کرامت نشانه هذا بجهت اعلان رضامندی نواب صاحب معظم الیهم بآن عوالی مرتبت مرحمت بخشید تا موجب فخر و مباهات بین الاماثل و الاقران گردد فقط مرقومه ۲۰ جنوری ۱۸۶۰ع

بہ عرض صنائع مکین مکان و فضائل خلائق زمین و زمان

نتیجہ طبع ذکا و کرشمہ فکر رسا جلوہ خیال بلند و شوخی خاطر ارجمند

بہارستان

۱۲۹۱

... بلبل داستان سخن طرازی سرو بستان ...

شاعر لاثانی جناب منشی انوار حسین صاحب تسلیم سہسوانی کے اہتمام تصحیح سے

مطبع منشی نولکشور میں طبع ہو کر چھپا ہوا

شمار غزلیات ۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعداد اشعار ۹

ردیف الف

احسان بے کراں یہ ہے کردگار کا ۔ مجھ بندہ کو خطاب دیا ہے وقار کا

گل کو کیا ہے خار کا جو آفتاب گیر ۔ یہ رنگ وہ ہے خون ہو جسپر ہزار کا

دیر و حرم میں جلوہ وحدت ہی آشکار ۔ زنار و سبحہ میں بھی نہیں فرق تار کا

بیمثل و بے مثال ہے خالق ہی خلق کا ۔ محتاج وہ نہیں ہی کسی کاردار کا

یہ زرد و سرخ جلوہ صنعت اوسی کا ہی ۔ وہ مخترع خزان کا وہ مبدع بہار کا

مردود ہے معلم ملکوت کبر سی ۔ آیا پسند اوسکو طریق انکسار کا

رازق ہی رزق کیڑی کو دیتا ہی سنگ مین ۔ صادق اوسی پہ لفظ ہی پروردگار کا

ہی قہر اوسکی نور مین ہی مہر نار مین ۔ جل جای کوہ نور سی ہو باغ نار کا

لکھے وقار کیا کوئی اوسکی ثنا و حمد
کہسار کو اوٹھائی یہ مقدور خار کا

۲ ۱۱

دیکہکر آئینے میں ابرو وہ بسمل ہو گیا
یہ تماشا ہے نیا مقتول قاتل ہو گیا

حق ہوا ہستی تما معدوم باطل ہو گیا
میرا نالہ قفل منقار عنادل ہو گیا

آنا جانا پاس تک پہلے بہی کچھ آسان نہ تہا
دور کا بہی دیکہنا پر اب تو مشکل ہو گیا

رحم فرمایا جو اوس بیداد گر نی حال پہ
قتلگاہ حسرت و ارمان مرا دل ہو گیا

امتیاز افشان کا ماتہی پہ تیرے یار کے
پیدا چینبہ ہی عرض جوہر میں شامل ہو گیا

کہل کی بیٹہو نہ حجاب آنکہیں ہماری پہٹتی ہیں
ازدحام شوق نظارہ کا حائل ہو گیا

روک سکتی ہیں نظر کو کب مری تار سر شک
بحر کس دن موج سی پا در سلاسل ہو گیا

وحدت خلوت میں لذت کثرت جلوت کی ہی
آنکہ کر لی بند جب نظارہ حاصل ہو گیا

یاں تجرد عشق کا تہا واں تشخص بہی حسن کے
خال عارض دیدۂ مشتاق کا تل ہو گیا

اک حسین کا ہی تصور دل میں ہر دم جلوہ ریز
کلبۂ تیرہ مرا خورشید منزل ہو گیا

۳ ۱۱

بند کر لی آنکہ یا دست نگی پہر رکھ دیا
ای وقار ایسی چہی تجہکو کہ غافل ہو گیا

ہمنے جب مضمون باندہا ابروی خمدار کا
کاٹ ہر مصرع میں پیدا ہو گیا تلوار کا

مر گیا ہوں دیکہکر میں آپ دندان صنم
غسل کو میت کی پانی ہو در شہوار کا

عین نرگس کا بنی گا پہول قرطاس شبیہ
نقش کہینچی گا اگر بہزاد چشم یار کا

سینۂ صد چاک میں ہی نالۂ آتش فشان
تیلیون کا یہ قفس ہے مرغ آتشخوار کا

جنبش لب میں مزا ہی کٹ ہی قینچی کی کاٹ
ہی پیام مرگ ہلنا ابروی خمدار کا

زخم وہ آئینہ رو دیکھی تو طوطی کی طرح
زمزمہ پیرا ہو پھاہا مرہم زنگار کا

نکہت گل کا کسی نی آج تک دیکھا ہی رنگ
کس طرح ثابت مجھی حسن قفا ہو یار کا

نشہ کی عینک نظارہ ہی تمھاری چشم کا
حال یکساں ہو رہا ہی مست کا ہشیار کا

مرہم زنگار کا عالم سواد خط میں ہی
اس قدر لکھا ہی مضمون سبزۂ رخسار کا

مختصر سا وصف یہ ہی روی رنگین کا تری
سبزۂ تازہ لقب ہی اس چمن کی خار کا

۴

بار دیگر قط لگایا کلک گوہر بار کو
اور بھی شاید ہی کچھ لکھنا وقار اشعار کا

۱۱

میں نہیں کھائی کا دھوکا کافر و دیندار کا
بھید سب مجھ پر کھلا ہی سبحہ و زنار کا

شب یہ تھا حیرت فزا سبزہ تری رخسار کا
ہو گیا آئینہ پہ دھوکا مجھے زنگار کا

پانو گل ہو جای گا حیرت سی کبک خوشخرام
دیکھکر عالم تمھاری پای کج رفتار کا

نغمہ کا مذکور کیا گر گنگنائی بھی وہ شوخ
بند مرغان چمن کا قفل ہو منقار کا

آفت بالائی طرہ کا تری نظارہ ہی
قتل کرتا ہی تصور لٹ پٹی دستار کا

دل میں جا غم کو نہیں کاہیدگی سی ہجر کی
وصل پھر کیا ہو خیال عیش پہلو دار کا

رشک انجم ہی ہر ذرہ مری ویرانہ کا
آج جلوہ ہے یہ کس کی چاندنی رخسار کا

خوب لوٹی گا یہ کالا چور دولت حسن کی
پاسبان خال سیہ ہی یار کی رخسار کا

زلف شبگون نی دل وحشی کو گھیرا ہی مری
ہی قیامت کعبہ پر نرغہ ہوا کفار کا

کھا گیا میں صاف دھوکا باغ میں سمجھا ہی سانپ
دیکھکر عارض پہ جلوہ گیسوی خمدار کا

۵ ۹

چشم ساقی چوم لی کل رات مستی مین وقار
کام ہم سے عین غفلت مین ہوا ہشیار کا

کس کس بلا سے شب دل حیران دوچار تھا
ہذیان و غش کبھی کبھی درد و بخار تھا

کی وعدہ رات گھر مرے آیا وہ سنگدل
تھی آہ کی کمند اثر کا شکار تھا

تاری تھی کف حباب فلک کہکشان سوا
شب جوش پر یہ دیدۂ طوفان نثار تھا

یان آہ آتشین کی زیارت لکھی تھی رات
ہنگامہ گرم ساز دل داغدار تھا

سودای چشم یار مین دل کا کہان سراغ
وحشت زدہ تھا مست تھا آہو سوار تھا

ای کاش آ کی فاتحہ کو مرے قبر پر
حسرت نصیب یہ دل امیدوار تھا

در پر تھا مین کبھی کبھی دیوار و بام پر
کیا جانے کسکی آنے کا شب انتظار تھا

نکلی نہ آرزو دل حسرت پرست کی
مین تجھ سی ایک بوسہ کا امیدوار تھا

۶ ۱۱

مٹی سبھی دی نہ ہاتھ سے اپنے وقار کو
اوس بیوفا کے دلمین قیامت غبار تھا

فریاد مرے سنتے ہی وہ بام پہ آیا
اللہ رے نالے مین کہان سے اثر آیا

آئینے مین عکس اوسکے جو رخ کا نظر آیا
چھپتی کہی خورشید فلک سے اوتر آیا

جب مر گئی ہم نعش پہ وہ سیمبر آیا
جانے کو گئی جان مگر کام بر آیا

جس روز سے دل اوس بت خود کام پہ آیا
کیا کیا نہ ستاتا ہے مجھے اپنا پرایا

لٹکا ہی جو گیسو کا تو بل کھاتی ہی کیون لٹ
[illegible] آیا

پھر پہنچے اوسے پیر فلک آپ تبر سے | پھر نخل تمنا مین ہمارے ثمر آیا

تھی صبح شب وصل مری بھور کا پیغام | وہ اوٹھکے اودھر اور ابھی غش ادھر آیا

یہ شوق بڑا ہے یہان آئے جو فرشتہ | کہنے لگون دل سے کہ ارے نامہ بر آیا

اوٹھتے ہی دریار سے رستہ جو گیا بھول | گھبرا کے رہ دیر و حرم اپنے گھر آیا

ہستی مین مجھے راہ ملی ملک عدم سے | جسوقت یہان بار کمر باندھکر آیا

کوتاہ وقار ایسی تھی آج شب وصل
ہمراہ سر شام کے وقت سحر آیا

سنبھلے جو وہ بت رعنا نظر نہین آتا | تو میری آنکھون مین کیا اشک بھر نہین آتا

کسی کو جو ہر واسطے نظر نہین آتا | وگرنہ کون ہے جسکو ہنر نہین آتا

نہ آئے وہ شہ خوبان اگر نہین آتا | مثل ہے شاہ فقیرون کی گھر نہین آتا

بڑھی ہی یاس یہانتک کہ میری باین چشم | سوا سے گریہ کوئی چشم تر نہین آتا

مین ہون وہ تنگ خلائق کہ میری میت پر | بغیر نالہ کوئے نوحہ گر نہین آتا

دورنگیون سے زمانہ کی بسکہ نفرت ہی | پسند جلوۂ شام و سحر نہین آتا

خدائی جعد کبھی اونکی ذیل کی ایڑی تک | یہ کالا چاٹنے مٹی مگر نہین آتا

کبھی نہ میری تمنائی دل ہوئی حاصل | یہ نخل وہ ہے کہ جس مین ثمر نہین آتا

بسے ہین آنکھون مین میری گوری گوری گال | نظر مین جلوۂ شمس و قمر نہین آتا

خبر نہین متوجہ ہی کس طرف وہ شوخ | خدنگ ناز کبھی اب ادھر نہین آتا

اک ٹھیس بھی لگی جب کہ نہو جام بنگ کا
ہی مجھکو پاس زہد کی ناموس و ننگ کا

ای دل خیال چھوڑ بت خانہ جنگ کا
شیشہ حریف ہو نہین سکتا ہی سنگ کا

آئینہ صاف لوح زمرد کی بن گیا
ٹھہرا جو عکس ایک بت سبز رنگ کا

ای سوز ہجر دل نہ پسیجا کبھی وہان
یان شمع کو جلا گیا جلنا پتنگ کا

سوئیان جگر مین ہوی قشرہ کی چبھ گئے
ہان ہو نشانہ دل ہی نگہ کی خدنگ کا

پیچھا وہ ان سخت جانی کا میری اگر پڑے
جوہر تمہاری تیغ کا جوہر ہو سنگ کا

گراوس غزال چشم کی فرقت مین آئی نیند
دست پلنگ ہو مجھے پایہ پلنگ کا

سرمہ لگا نہ آنکھ مین ای نور چشم ظلم
اچھا نہین ہے جوہر خنجر مین زنگ کا

الکا ایک شعر کا مری مضمون ہی چلبلا
دل مین خیال ہی جو کسی شوخ شنگ کا

شیرین و حسن یار کا ہے جسکے روبرو
پھیکے سے پھیکا رنگ ہی اہل فرنگ کا

دیکھے نہ کوئی خلق مین مانی مری شبیہ
وہ لاغری ہے [illegible] اڑا رنگ کا

امکان سی ہی بڑھ کی جہان تک ہے ظلم کر
ہوتا ہے حوصلہ اسی من مین امنگ کا

۹ ۶
ہوتی ہے پھر وقار سی جو آشتی و صلح
ای خانہ جنگ ہمسی ہی پھر قصد جنگ کا

لب نہ سود اثر ای زلف سیہ فام رہا
طائر روح نہ کس [illegible] رہا

وہ یہ کہتی ہین کہ تنگ آئی ہی تجھسی ملتی
تو سدا فرقۂ عشاق مین بدنام رہا

وای قسمت جو گیا اوسکی مکان تک قاصد
گر گیا راہ مین خط یاد نہ پیغام رہا

چھوڑ دی اپنی تو سر سے ہی تصدق کرکی
مجھ مین باقی نہ کچھ اے گردش ایام رہا

وصل کی شب بھی نہ تو ساتھ لپٹ کر سویا
وہی غمزہ ترا ای دشمن آرام رہا

۱۰ — ۵

منتین کین تو ستانے جو مین روٹھا تو وقار
خود اوسی ہی ملاقات کا پیغام رہا

عکس پڑتے ہی روے رنگین کا
ہوا آئینہ دست گلچین کا

چاند سے منہ کا بوسے لون گا
پھول توڑون گا آج نسرین کا

رنگ گل غازے کا نہین محتاج
کیون ہوا اوس بت کو شوق تزئین کا

رکھنا اوس سے امید وصل ای دل
بن دیکھے وسے نہ پھول قالین کا

۱۱ — ۹

غیرت آئینہ ہین شعر وقار
خوف کسکو ہے چشم بد بین کا

شور ہے اوسکے خوش ادائی کا
سبکو سودا ہے آشنائی کا

اوسکے وعدے کا اعتبار اے دل
جس مین جوہر ہے بیوفائی کا

نعل ہے ماہ نو ستارہ میخ
گل ہے گل اوسکی زیر پائی کا

روز دو چار خون کرتا ہے
یہ کلاوہ ترے کلائی کا

ہوگئے نالے سے میرے یہ ہمسر
منہ تو دیکھے کوئی ہوائی کا

آئینے سے مقابلہ ہے دم — ہے یہ سامان خودنمائے کا

ان بتوں کے اگر زبان ہوتے — دعوے کر بیٹھتے خدائے کا

آپ حیرت میں آئینہ ڈوبا — روئی جانان ہے اس صفائے کا

١٢ — ٦

گھر پر آیا ہوا تو روک وقار
وقت ہے بخت آزمائے کا

وہان چل گیا آج فقرا کسی کا — بنے جان پہ یان کچھہ نہ بگڑا کسی کا

لیا ہے نے دل دے کے بوسا کسی کا — ہوا ہے سولون پہ سودا کسی کا

وہ خود کام تم ہو کہ پروا نہیں ہے — برا ہو کسے کا کہ اچھا کسی کا

اگر غنچہ چٹکا کہا بلبلون نے — یہ رسوائے کا ہے ڈھنڈورا کسی کا

مین گل کھاؤن یکدست ہاتھون پہ اپنے — اگر ہے متھے چڑھ جای چھلا کسی کا

١٣ — ٧

وقار اپنے دے سے مین کہتا ہون مطلب
نہ طالب کسیکا نہ شیدا کسے کا

قد جو بوٹا سا کسی کا جلوہ فرمانے لگا — دیکھکر ہر نونہال باغ بیتانے لگا

روبرو آتی ہی آئینہ کی چھاتی پھٹ گئی — حسن بالا دست پر وہ شوخ اترانے لگا

دشت وحشت مین تری وحشی کو جب غش آگیا — دست مژگان ہی کف پا غول سہلانے لگا

گنبد گردون کو تھا گردش پر اپنی کو غرور — دیکھکر چلکر مری پاؤن کی چکر لینے لگا

یار جب آیا مرے گھر ہو گیا بیہوش مین — آگیا مین ہوش مین جب یار گھر جانے لگا

مین بھڑک اوٹھونگا اکدن شعلۂ خس کیطرح — استخوان ہ آتش فرقت سی سلگانی لگا

١٤ سایہ بھی دیکھا اگر ہمراہ اوسکی ای وقار
شک پری کچھ کا نہین ہونکا شک لسانی لگا ٥

بعد مردن ساتھ میری یہ سودا جای گا — ہڈیان سونگھے گا جو کتا وہ بورا جای گا
آنکھ جھپکای گی نرگس چشم تیری دیکھکر — گل سے عارض کی ہی آگی پھول اینٹھا جای گا
تاڑ لے محفل مین اوسے دید و زدیدہ نظر — ہم ہین انسان پری کی ساتھ دیکھا جای گا
روی رنگین کی مقابل لالہ داغی ہوا — پوست باغی کا چمن مین آج کھینچا جای گا

١٥ کس لیے یہ جلدیان ہین صبر کیجیے ای وقار
ہے وہ کم سن رفتہ رفتہ راہ پر آجاے گا ٧

باغ مین کیا وہ پیرہن اوترا — کیون ترا منہ سے ہی ای سمن اوترا
داغ دل سے مین پھر نہال ہوا — دل سے بلبل کے پھر چمن اوترا
جب کفن کے نئے ملے پوشاک — تب مرا جامۂ کہن اوترا
عرق جسم یار تھا کہ شہاب — ہو کے گلرنگ پیرہن اوترا
اوسکو بھایا مین نعمت منعم — جب فلک سے غم و محن اوترا
چڑھ گئے آنکھ پر کمر اوسکی — دل سے میرے اگر دہن اوترا

١٦ یہ لگا دل وقار غربت مین
کہ مری یاد سے وطن اوترا ٥

مین بے وفا نہوا اور وہ باوفا نہوا — قسم خدا کی یہ ہی خاک سب ہوا نہوا

لگے جگر مین کبھی دل مین گا جان مین ہا — ملا ہر ایک سی وہ بت پر ایک کا نہوا

ضعیف چشم صنم نے مجھی کیا ایسا — برنگ سایہ مین اوٹھکے کبھی کھڑا نہوا

یہ مانا آپ کی بھون ہلتی ہی ہوا ہو نہال — مین کب نہ تڑپا کہ گردون پہ زلزلا نہوا

١٧ — **٩**

وقار نقل سے میری ہوا نہ غیر کو فیض
کہ ہڈی کھانے سے اُلّو کبھی ہما نہوا

کون کہتا تھا کہ غربت مین وطن ہو جای گا — عشرت شادی بھی رنج و محن ہو جای گا

کاٹ سر میرا ہلکا بدن ہو جای گا — کام میرا تمام تیسا تیغزن ہو جای گا

گر اوٹھی تم بیٹھ جائین گے ہزارون کہر بھی — حشر کا ہنگامہ حال انجمن ہو جای گا

یاد بھولے گا خدا کی شیخ تجھکو دیکھکے — صاف بت پتھر کا تر شاہ برہمن ہو جای گا

محتسب توڑی گا توبہ چشم ساقی کی حضور — دیکھکے پیمانے کو پیمان شکن ہو جای گا

گرم ہی گرمی بازارِ خال روی دوست — کم تلون کی مول ہی مشک ختن ہو جای گا

وضع سادہ ہی پسند خاطر سہل آشنا — جامہ عریانی کا ہلکا پیرہن ہو جای گا

مرنے پہ بھی محو ہونے کے نہین داغ جگر — یہ نہین وہ مہر و مہ جنکو گہن ہو جای گا

١٨ — **١١**

حضرت تسلیم سے مجھکو تلمذ ہے وقار
واجب التسلیم اب میرا سخن ہو جای گا

طفل عاشق ہی ترا پیر ہی شیدا تیرا — کون عالم مین نہین چاہنی والا تیرا

آنکھ ڈالی نہ کہین چاہنے والا تیرا | اپنی پہچان سہی گذری ہی شناسا تیرا
کونسا دل ہی کہ جسکو نہین الفت تیری | کونسا سر ہے کہ جسکو نہین سودا تیرا
ہے اگر زلف سیہ شان نزول واللیل | سورۂ شمس کی تفسیر ہے چہرا تیرا
ہے قسم تجکو لہو کی مری مہدی نہ لگا | خود بخود ہے گل روی سبدی پا تیرا
دہوپ چہان کی ہو وہان فرش کا لوکو گمان | جس جگہ عکس پڑا ہی گل رعنا تیرا
گل نوخیز ہے تو بلبل بدمست ہمین | عشق حصہ ہے مرا حسن ہے حصا تیرا
رخ و دہن ہی ترا ای یار کمر عنقا ہے | اور اب تو ہی بتا وصف لکھون کیا تیرا
جان و ایمان و دو عالم ترا بیعانہ ہے | تو وہ یوسف نہین جو مول ہو سستا تیرا
عمر بہر قید رہے خانۂ زنجیر مین ہم | ہر سے سودا نگیا زلف چلیپا تیرا

١٩ ٩

تو جو تسلیم سے استاد کا شاگرد ہوا
ای وقار اس سے ہی اس ملک مین ڈنکا تیرا

خواب مین پہر کوئی مکھڑا چاند سا دکھلا گیا | چھپکے آیا آتش دل کو مری بھڑکا گیا
مین گیا تیجے تری دنیا سی بیڑا کیا گیا | جو نہ کہنا ہے وہ کہ جاتا ہی ہر آیا گیا
بوسۂ کاکل جو مانگا تو کہا تو سر چڑھا | جب کہا کچھہ اور سینے بولی کیا اترا گیا
اوسکے پستان کو جو پکڑا لینی تو وہ سنس چڑا | پہول تیجہی پایا پہلی پہل مری ہاتہ آگیا
اب تری بیمار ہجران کی یہ حالت ہی صنم | سانس ادہر آئی اودہر اوسکا بدل نقشا گیا
بال کی رہتی ہی پہانسی کی لیپی لف دوتا | جو ہوا گیسو کا عاشق اوہین لٹکایا گیا

نقل کرتا تھا مری چونی کی ہنسی مل کے وہ شوخ
جب کہا یا آینہ سینے تو وہ شرما گیا

درد دل سی گر کراہوں میں تو وہ بد خو کہی
ایسا چلاتا ہی کافر مغز بیرا کہا گیا

۲۰ رات سنبل زار گیسو میں ہمارا دل وقار ۷
ہوگیا ہم سے جدا قصہ مٹا جھگڑا گیا

جانتا ہوں میں خوب حال ترا
تو کہاں ہے کدھر خیال ترا

منحرف الف ہی تیرا قد
نہیں ممکن ہے اتصال ترا

سرو آزاد ہے گل تر ہے
سایۂ قد ہے بے مثال ترا

کارفرما ہے تصور سے
ہجر میں بھی رہا وصال ترا

ساری عالم کے نقص ہیں تجھ میں
ہے بڑا سب سے یہ کمال ترا

دل میں کچھ ہے زبان پر کچھ ہے
حال کے ہے خلاف قال ترا

۲۱ اور محبوب ڈھونڈھ ورنہ وقار ۸
تجھکو کیا جائے گا ملال ترا

امتحان جب کیا ہر چاہنے والا بھاگا
ہاں مگر ایک نہ جانباز تمہارا بھاگا

دل نہ تھامے سی تھما اور تڑپ کی سے کا
شب فرقت میں بھی چھوٹ کی تنہا بھاگا

دل نے کی پہلو تہی لی گیا کروٹ جو شوخ
ہی یہ سچ اپنا جو کھسکا تو پرایا بھاگا

دیکھا جو پھر کی شہ دل کھولی نگاہیں سینکیں
خواب میں بھی جو ملا یار تو ایسا بھاگا

ناتوان کیا کوئی جھیلے جو کڑے ہوں پٹکے
آیا وہ حسن جوانی پہ تو سایا بھاگا

یاد آتے ہی تری ساتھ کا سونا یجان
ہوکے بیتاب لحد سے مرا مردا بھاگا

کیا قیامت تری رفتار کا ہی چال چلن
فتنۂ حشر جسے کہکر اوٹھا بھاگا

۱۲ — خوب تم نے بھی وقار آج بقول استاد — ۲۲
ہر جگہہ ساتھ نئے لطف کے باندھا بھاگا

غم مرا آپ اگر کھائیے گا
اب سے غمخواروں میں کہلائیے گا

یہ نہ امید تھی جب آئیے گا
غیر کو ساتھ لگا لائیے گا

کسنے کے پنجۂ مرجان کے جلا
مہندی ہاتھوں پہ نہ ملوائیے گا

یہ نہ ہو وقت نکل جائے کہیں
بات رہ جائیگی رہ جائیے گا

دل کو رکھئیے گا کف رنگین پر
آگ پر پارے کو ٹھہرائیے گا

رات کے بوسوں سے ہیں نیلی گال
منہ پہ یاروں سے نہ کہوائیے گا

سوز فرقت سے سراپا میرا
شمع کی طرح نہ پگھلائیے گا

مہربان عرض کروں کل کی دن
چاند کی طرح نہ چھپ جائیے گا

ٹکرا کہاؤ گے ورنہ صاحب
خاک گلیوں میں نہ چھنوائیے گا

مول سے سود ہے پیارا مجکو
اپنا معشوق بھی بلوائیے گا

اب میں کہ بیٹھوں گا اینڈی بینڈی
بس زبان میری نہ کھلوائیے گا

۷ — دل یہ کہتا ہے کہ دیوان وقار — ۳۳
اپنا اب آپ سے چھپوائیے گا

ردیف بای موحدہ

ہین شب غم دل و جگر بیتاب
رشک سیماب و برق ہر بیتاب

مضطرب جان ہے جگر بیتاب
ایک ہین اودہر اودہر بیتاب

سنگ ہین تو نہو شرر بیتاب
میرے سینے مین دل ہی پر بیتاب

مضطرب حال صبح سے تا شام
شام سے دل ہے تا سحر بیتاب

کیا بیان ذکر مرغ بسمل کا
مجھسے بڑہ کر ہے وہ مگر بیتاب

لکھون خط مین جو دل کی بیچینی
مثل بسمل ہو نامہ بر بیتاب

۲۳

مین ہون مضطر وقار بستر پر
یا کہ پارہ ہے آگ پر بیتاب

۱۱

ملا لب سے مرے ابتو ذرا لب
کہ آئی جان ہی سینے سے تا لب

نہین ہے یان ہوای چشمۂ خضر
تمہارے ہین مجھے آب بقا لب

جدا وہ غیر سے اک روز ہوگا
کہ لازم ہے نفاق روح و قالب

لیے منہ مین ادہر صحت ادہر تھی
مگر ہین یار کے حب الشفا لب

نہوگا سینہ تاب اے یار سینہ
نہ لوٹین گے کبھی لب کا مزا لب

خموشی مین ملا گوہر صدف کو
نہ پایا کچھ ہوئے جسوقت وا لب

ابھی مقراض سے پرزی اوڑاون
جو ہون حرف غرض سی آشنا لب

نہین ہے چشم خونی کا تری خوف
مسیح عہد ہین تجھسے نما لب

فلک پہ چار سو آئین کا غل ہو — ہلین میرے جو ہنگام دعا لب
جگہ سے ملتے نہین حروف طرب کو — غمون سے سینہ و دل ہین لبالب

٢٥ وقار اسد دے آب گہر بھی ٥
جو بخشتے ہین صدف کی سی صد لب

منہ لگاتی ہی تری ہی جام سی ہر شراب — اپنی کم ظرفی کی کی کھلاتی ہی جو ہر شراب
گر نہ پی ای محتسب تو پی مگر یہ تو بتا — ڈہائی کی کیا قلعۂ اسلام چلو بہر شراب
ہی تبرک ایک بھی ساقی کا ساغر و ہم — پینی جب بیٹھی تو پی اوٹھی گھڑی بھر بھر شراب
جو کہی سی چو کھا ہی ٹہرا دست ساقی کا بھی — ورنہ اعلی قسم کی بدتر سی ہی بدتر شراب

٢٦ ہجر ساقی مین شکر کی ہو کہ قند ہی ہو وقار ٨
مجکو کڑوی نیم کے پتون سی ہی بڑہکر شراب

ردیف بای فارسی

رخ سی لٹ زلف کی ہٹائین آپ — تیرہ روز دن کی شب گھٹائین آپ
قہر ہے ہمسے منہ چھپائین آپ — ٹہنڈی آہون سی دل جلائین آپ
چاند سا منہ سبھی دکھائین آپ — آگ دل کے مرے بجھائین آپ
ہم سبھی جائین گے آج اور جگہ — گر نہین آتے ہین نہ آئین آپ
ایسے شوخی نہ پیش جائین گے — کوئی فقرہ نیا بنائین آپ
سو رہین یان خدا پہ کر کے نظر — دل مین کچھ اور شک نہ لائین آپ

خوش نہین یہ زنانے نکٹو رسے
ناک ہوں غیر پر چڑھائین آپ

٢٧
کوئی جا کر وقار سے کہدے
کوچۂ عشق مین سجائین آپ
٩

ردیف تای فوقانی

جب سے صبا نے سرو کو تیری سنائی بات
کہتا ہے کچھ نہ سنتا ہے اپنی پرائی بات

شیرین زبان ہین کتنی وہ فضل الٰہی سے
میٹھی لگی ہے کڑوی بھی گر لب پہ آئی بات

پیس پیس کے غم سے خون ہوا گو دل حنا
سرخی پائی یار کی ہرگز نہ پائی بات

اکبار بھی نہ کہہ سکا لکنت کی وجہ سے
سو بار گو کہ وصل کی ہونٹھون پہ آئی بات

نام خدا نہ جانتے تھے سات پانچ آپ
سب بول چال کی تمہین ہمنے سکھائی بات

مین نے کہا کچھ اوس سے تو غیرون نے کہدیا
کمسن تھا اس سے دل مین اوسکی سمائی بات

بے اختیار رونے لگا منہ چھپا کے وہ
مرنے کی میری بزم مین اوسکی جو آئی بات

اوس غنچہ لب کا کچھ نہ دہن تنگ سا ہے تنگ
سو بات گر کہین ہین تو اک کان آئی بات

٢٨
کوتاہ تھے وقار یہ میری شب وصال
بس صبح ہوگئے کوئی ہوئی نہ پائی بات
١٠

عیان قد سے ہین آثار قیامت
سراپا ہین وہ اسرار قیامت

نہین کھلتا نقاب روے دلدار
نہین ڈھہتی ہے دیوار قیامت

تمہاری زلف ہے دیوان محشر
تمہارا قد ہے سرکار قیامت

بہارِ کشتگان سے ہے قتل گہ مین — پھلا پھولا ہے گلزارِ قیامت

متاعِ عدل کی سوداگری ہو — کھلے جس وقت بازارِ قیامت

وہ ترک آج آئی تو برسون مین آئی — کہ ہے رفتار رفتارِ قیامت

ازل سے ہے ملامت کا تری عشق — قدیمی ہون گنہگارِ قیامت

ہجومِ خلق سے ہے کوچہ مین اوسکی — مگر ہے آج دربارِ قیامت

تماشا تیری مقتل کا جو دیکھے — کرے منکر بھی اقرارِ قیامت

وقار اب تم لکھو یہ مصرع طرح
قیامت ہی غمزہ او ر قیامت

ردیف تای ہندی

سِن تیری سوتا ہون ایک ہی کروٹ — دوئی سمجھتا ہون لینا مین دوسری کروٹ

شبِ فراق مین دل کی تڑپ کی گھٹ گھٹ کے — نہ آئی نیند اوسی تا سحر کسی کروٹ

جو ساتھ سوتا تو ملزم تھا بخت برگشتہ — نہین ہی شکوہ اگر اوسنی پھیر لی کروٹ

ضعیف عمر مین تھی اسقدر رہوئی قوت — ہوا اودکا جدہر میری پھیر دی کروٹ

لپٹ کے سوئی گا وہ خطِ توامان کی طرح — مرا زمانہ اگر لے گیا کبھی کروٹ

یہین نہین ہون کہ بہونی نون اوسکی ہٹ پور کے — پھری جدہر سے سولاؤن اوسی اوسی کروٹ

وقار اور بھی پہلو ہی رات تھوڑی ہی
نہ رکھو شاہد معنی کو تم اسی کروٹ

ردیف ثای مثلثہ

وصل کا آپ نی پہلی کیا اقرار عبث
بعد اقرار کی ای یار ہی انکار عبث

کیا نہتا چھیلنے کو سبزۂ عارض کافی
رکہا زخمون پہ مری مرہم زنگار عبث

خلق ہی ہوتے ہی ابرو مژگان پہ ترکے
ہاتہ مین لی ہی چھری باندہی ہی تلوار عبث

بیشتر پیس چکی چشم کی تیری گردش
اب مجہی روندتی ہی شوخی رفتار عبث

(۳۱) (۵)

کیا پڑی ایسی کسی کو جو سنی کوئی وقار
طوق کا شور عبث بیڑی کی جہنکار عبث

ردیف جیم تازی

جسدن سے چھوٹ مجہسے ہوا یار کا مزاج
بگڑا ہوا ہے چرخ ستمگار کا مزاج

سرمہ کیا جو ترک ملک رہوئی وہ چشم
پرہیز سے بگڑ گیا بیمار کا مزاج

کاوش ہلا سکے پائی مری پا کی آبلے
ملتا نہین ہی دشت مین ہر خار کا مزاج

ای یار یاد رکہ کہ نہین دلمین تاب ضبط
ہی فرض پوچھنا مجھے اغیار مزاج

(۳۲) (۵)

اپنے مزاج خوش کی سناؤ نوید تم
پوچھو وقار سے نہ گنہگار کا مزاج

ردیف جیم فارسی

بیکار حسن قتل مین تیرا ہی یار سوچ
سر افگنون کو ہو نہ دم کارزار سوچ

سکے نہ کام روئی سی لب ای ول حزین
ہمنے کہا تھا پہلے ہی انجام کار سوچ

اوچھا اگر ہے وہ گل تر خار خشک سہی
اے دل شتاب تو بھی کوئی گلعذار سوچ

ہوگا وہی جو ہونا لکھا ہے نصیب میں
سنے فائدہ ہے کوئی کرے ہزار سوچ

۳۳ ۶

خامہ اوٹھایا اور غزل لکھدی ہے وقار
ہمکو نہیں پسند ہے یہ بار بار سوچ

قشقہ پیشانی پہ تو اے بت بے پیر کھینچ
ایک قلم خط ستم بر خط تقدیر نہ کھینچ

دل بیتاب کے تسکین تو ہونے دے ذرا
میری پہلو سے کماندار ابھی تیر نہ کھینچ

صدمہ پونہچے نہ کلائی کو کہیں اے قاتل
دست نازک سے ترے زور سے شمشیر نہ کھینچ

آتش رشک سے جل جائیگا پروانہ سبھے
بزم میں شمع سے [illegible] کی گلگیر نہ کھینچ

کھینچ کر دون میں نہ بیمار کی بہاری زنجیر
نرگسین چشم میں سرمہ کی تحریر نہ کھینچ

دور کھینچتا ہے تو عشاق سے کھینچ اے مانی
ورنہ بے چوچلی اس شوخ کی تصویر نہ کھینچ

نگہ تیز نہ جب کھینچی ابرو اے ترک
اسکمان میں تو خدا کے لیے تیر نہ کھینچ

۳۴ ۸

جل نہ جائیں کہیں خرگاہ سماوات وقار
آہ پر سوز خدارا دم تقریر نہ کھینچ

ردیف حای حطی

ساقی شتاب ہے مجھے جام شراب صبح
گردش میں آگیا قدح آفتاب صبح

ہے تجھ سے زندگی مری اے آفتاب رو
خورشید کی وجود سے ہے آب و تاب صبح

پائے کوئی حسین نہ آگے ترے فروغ
چمکی نہ پیش مہر کبھی ماہتاب صبح

تنویر آفتاب کی داغ جگر مین ہے — ہے صبح خندہ چاک گریبان جواب صبح

اوس صبح رخ کو شام کی پڑی مین دیکھکر — کی اصطلاح زلف کی ہمنی نقاب صبح

موی بدن سفید ہوئی چونک آنکہ کہول — اچھا نہین ہے ایدل بیہوش خواب صبح

آیینی مین نہ چوم رخ پر عرق کا عکس — ای مائہ حیات ہی ممنوع آب صبح

٣٥ سچ ہی وقار حضرت کشفی کا یہ سخن — چون گل شگفتہ غنچہ دل از سحاب صبح ١٦

کسی کا ہے مجھپر عتاب اسطرح — خدا کا نہو گا عذاب اسطرح

کبھی ساتہ نالی کی روئین جو ہم — نہ گرجے نہ برسے سحاب اسطرح

ہوا سے تمہارے کیا گرد باد — ہوئے میرے مٹی خراب اسطرح

گل تر کا تختہ ہر اک صفحہ ہو — بھرون وصف رخ سی کتاب اسطرح

تکلف کو تکلیف بس دی چکے — ستم وصل مین ہے حجاب اسطرح

کمر بال سے پتلی بل کھا گئی — نہ دو موی گیسو کو تاب اسطرح

شب وصل چونکے نہ تا صبح ہم — سر شام سے آیا خواب اسطرح

مژہ سے ٹپکتے رہین اشک شور — کرون اپنے دل کو کباب اسطرح

پڑی چھینٹ خون کی نہ جلاد پہ — رہا ضبط مین اضطراب اسطرح

اگر دیکھتا داغ دل کے مرے — چمکتا نہ پھر آفتاب اسطرح

جو تیرے پسینے مین نکہت ہی یار — نہ خوش بو ہو عطر گلاب اسطرح

جمال آئینے کے جو ہو رو برو — چھپا لے اوسکے منھ پر نقاب کی طرح
اوٹھا کے ساغر عشرت [illegible] — پلا آج ساقی شراب کی طرح
کیا زلف کو روز عارض کو شب — ہوا عقل کا انقلاب کی طرح
قمر [illegible] جمالی کا شگفتہ تھا شب — ہوئی اوس سے روشن آفتاب کی طرح

٣٦ — کہو آج حضرت سے چل کر [illegible] — ١٢
کہ [illegible] جواب کی طرح

[illegible] — ہاں پریشان ہوئی گیسو کی طرح
رنگ [illegible] عاشق کا — [illegible] کی طرح
کیا کسی کا گل [illegible] جلوہ — آنکھ جب کھلی [illegible] آہو کی طرح
ہمسری [illegible] بالا [illegible] — [illegible] لب جو کی طرح
تیر [illegible] مژگان [illegible] — [illegible] کی طرح
[illegible] — چاک سینہ [illegible] گیسو کی طرح
یار [illegible] — [illegible] ترازو کی طرح
[illegible] — [illegible] دل [illegible] ترازو کی طرح
تیغ [illegible] — [illegible] بازو کی طرح
جب [illegible] کرتا ہوں [illegible] — [illegible] نظر آتی ہے گیسو کی طرح
[illegible] نظر میں [illegible] چشم [illegible] — [illegible] ترازو کی طرح

۳۴ — ۵

چمن میں حسن ہی کون ہے سا بچہ سا وقار

ولی دنیا میں ہیں گل مدام سوں جا بجا لعل

ردیف خا

روتی ہی کیوں نہ ہو میری آنکھیاں سرخ
ہوتی ہی جیسے برگ لالہ بہار سرخ

گیسو کی کالی رات سی ہی پیچ و تاب لال
مارے سپند یاد و شعلہ سیہ دار سرخ

سنا جو یار کی سی رخ کو شرم میں
گل ہی چمن میں گیا ہو اک خار سرخ

سرخی چشم و دست رخ و لب سی یار
تو لالہ گل کا رنگ تو کم نکلا یار سرخ

۳۸ — ۸

نیرنگیاں وفا سے میں حسن عشق کی

چہرہ ہمارا زرد ہی اور ہی یار سرخ

ردیف دال مہملہ

خیال یار میں ہے چشم تر سپند
اگر ہے جا میں ابرو سے شکر سپند

بلا سے خال رخ وہ ہے یار کیونکر
نہ کیوں رہا غم کی آگ جیسے سپند

نہیں سنتا ہے وہ نالی ہمارے
دھواں کا ہو گیا باب اثر بند

ہوا مکتوب جب اوسکو لکھا خط
ہزاروں ہے جوڑی بند بند

جدا ہوگا سپند سپاند و گیا ہوا
ترا گھر ہے نہیں ہی حصن دربند

کیا اسرار کہتا ہے قاصد
لفافہ پیشتر لکھی سی کر بند

مچایا غل ہے جیسے شب وصل
زبان کرنا نہیں مرغ سحر بند

۳۹ وقار اسمین تڑپ دل کے لکھے ہے
نہین ہی خط نگر ہی مرغ پر بند ۱۲

اس وجہ سی ہوا دہن دلستان پسند
ہون نام بی نشانی کا ہی لامکان پسند

عاشق پسند تو ہی قمر آسمان پسند
سچ ہی کہ اپنی اپنی ہی یہ جان جان پسند

یکرنگی کو نہین ہی مری این و آن پسند
ہی خار و گل پسند بہار و خزان پسند

سودا ہی زلف یار بی کافر کیا مجھے
ساری جہان سہی ہی مجھی ہندوستان پسند

تازہ اوسکا ہی چلین تھی نیاز اپنا ہی طریق
وہ ہی وہان پسند تو یہ ہی یہان پسند

داخل کرین نہ ہیچمدانون مین آپ کو
کیون وہ کمر پسند ہو کیون وہ دہان پسند

سہل الحصول گر کوئی گل ہی تو خار ہی
واقع ہوئی ہی اپنی طبیعت گران پسند

چاہا نہ خون حیات مین خنجر بی یار کی
سگ نی ہی بعد مرگ کہین ہڈیان پسند

ہر وقت ہمنشین یہ مرا بول بالا ہے
نغمہ مرا پسند ہی میری فغان پسند

کرتا ہی آسمان نئی چالون سی پایمال
آتی نہین ہین ہمکو یہ اٹکھیلیان پسند

شوخی و ناز و عشوہ و غمزہ کا ذکر کیا
جھڑکی تری پسند تری گالیان پسند

۴۰ اب شاعران حال مین اوس شوخ کو وقار
میری زبان پسند ہی میرا بیان پسند ۵

ردیف دال ہندی

تمھین اپنی صورت پہ اتنا گھمنڈ
خدا کو نہین خوش کسی کا گھمنڈ

یہ اک چھاؤن ہی چلتی پھرتی ہوئی
پھر اس دولت حسن پہ کیا گھمنڈ

ترا زلف و گیسو پہ غرّا غلط
ترا چشم و عارض پہ بیجا گھمنڈ

سمجھ حسن عارض کو تو عاریتی
نکر عاریتی پر خدارا گھمنڈ

۴۱ تکبر خدا کو ہے لائق وقار
اوسی کو سزاوار و زیبا گھمنڈ ۵

ردیف ذال معجمہ

برای نام تو دیکھے ہزار کے تعویذ
ندیکھا ایسے کہ جیسے ہین یار کی تعویذ

پس وفات بھی آفت ہی کچھ نکتہ خاک
کھلا یہ راز جو دیکھے مزار کے تعویذ

چمک نی عقد ثریا کی یاد دلوائی
شب الم مین ثریا نثار کے تعویذ

پلایا دھو کے نہ تعویذ اوسکی ہیکل کا
تپ فراق مین گھولی بخار کی تعویذ

۴۲ یہ خوب نقش ہی اغیار و یار کے دل پر
کہ دونون چلتے ہوئی ہین وقار کی تعویذ ۶

ردیف رای مہملہ

غیرت گلزار ہی چاک گریبان کی بہار
کوچۂ زخم جگر مین ہی خیابان کی بہار

تیغ میری قتل کو موج تبسم بن گئے
چاک دل کو کر گئی لبہای خندان کی بہار

غنچہ و گل سنبل و ریحان یہ لاتی ہی خزان
عارض و خط و دہان و زلف پیچان کی بہار

شمع کا ہوتا نہین فانوس مین شعلہ نہان
کس طرح زائل ہو خط سی ہی تابان کی بہار

لعل پیکانی نہیں لیتی ہیں جو کوڑی کی مول — خون عاشق سیتی ہوئی ایدھونکی پیکان کی بہا
خوشبو پیچان کی کہلاتی ہی پھول آپ تیغ کی — کشتگون پر جسم کی ہی زخم خندان کی بہا

۳۳ ۱۱

وہ گلی جسمون کھلی ہین جو صفت مین ناک حور کی
باغ جنت سیتی ہوا افزون ہی دیوان کی بہا

جب کہ پہنا سا لگا چھاتی پہ جو را دیکھکر — کیا ہی میٹھو لگا مین اوس بالو بلکو بکھرا دیکھکر
شہر میں ظالم ہوئی ہی حسن سیتی پر ستم — گل کا بدلا رنگ بلبل کو غش آیا دیکھکر
سیر کی ہوتی نہ کچھ اوس گلبدن یار و جہان مین — صرف الفت کبھی اپنا پیارا یار دیکھکر
توڑنا ستا دم کوئی یارون کی کوئی پیرہان — سیم کی بانہن سی [illegible] کا توڑا دیکھکر
بیٹھتا ہون [illegible] کی پر دہون کی [illegible] — مصرع برجستہ سو جیا قد بالا دیکھکر
دلکو چھیڑی [illegible] الفت کی [illegible] — حسن کو آفت گری مین کار فرما دیکھکر
[illegible] کو [illegible] گلستان [illegible] — یاد جو ہر [illegible] شریا دیکھکر
تھرتھرا کی شمع ساقی [illegible] جانان کی [illegible] — غش ہوا پروانہ عارض کا تجلا دیکھکر
کیا نئی سوجھی ہی [illegible] آگ سیماب کی — عارض گلرنگ اوسکی پسینا دیکھکر
کر شب فرقت کا غم [illegible] روز وصل — عقل حیران ہی مری نیرنگ دنیا دیکھکر

۳۳ ۱۱

رہ گیا پاس ادب اوٹھ کی ہاتھ اپنا [illegible]
ورنہ تھا [illegible] دل مین اوسکو تھاما دیکھکر

آیا جو رات یار ہمارے ہی پلنگ سے [illegible] — تا صبح ہو ری زلف سنواری پلنگ سے [illegible]

اے جان ہم ہوں گور کنارے پلنگ تے
تن تنگی غیر بیٹھیں تمہارے پلنگ پہ

بیٹھا ہے پاس وہ تو بیٹھی ہو گی بن
لیٹا نہ کبھل کی شرم کی مارے پلنگ پہ

دامن میں لاتری کی چھپا تھا ملا نہیں
ہر چند ڈھونڈا مرگ نے سارے پلنگ پہ

اوس سے کہا کہ آج میں سو رہو ں گا
کیا کون ہے ہم سوویں تمہارے پلنگ پہ

گردش میں ہاں ہیں جی ستارے کی آنکھ کی
افشاں کچھ نہ ہی اوڑتی ہیں سارے پلنگ پہ

اگر ہم ہیں نہ پاس تو آئی یا چھپا ست
چھپتی چاندنی کی ہے ہمارے پلنگ پہ

کب چھٹ جنگ میں نہیں پائی کمر کمر
کب چھوٹتی نہیں ہیں ہزاری پلنگ پہ

اوڑتی وہاں پلنگ تے افشاں کی زری ہیں
آہوں کی ہیں بہار ہے شراری پلنگ پہ

سہتی ہے ہجر یار کہ رہتی ہی ہی
ہو تی ہیں آج واری نیاری پلنگ پہ

٢٥ کس دن نگاہ دامن چین میں وفا ٩
کس شب نہیں ہیں تنگی نظاری پلنگ پہ

ابتک ہمیں یاد ہیں چھپا لعل بدخشان پہ
حنائی وسعت کی ہی سب ہم کو مستان پہ

جبیں ہی چھٹ کی افشاں حجاب کر نہ سا جاتا
گرتی وہی کی چھپتی جگنو کی ہے تابان پہ

تمہاری قید گیسو میں ہی پر بہی نہ بھولی ہم
اسیر طائر جان نے کیا دیوار زندان پہ

رخ و ابرو و خال و زلف کا مضمون جب باندھا
نظر لو پہچی نہ سنبل خورشید و کیوان پہ

سمجھا نہ وہ مرد میں جہلا فرق عزرائیل
نوازش اسقدر کی ناتوانی نے مرے جان پہ

یقین ہے قیصر و فغفور بیں جا کا ہی حسابا
کر سو اینوں پچخت کی بلندی ہے بیابان پہ

نیائی آبداری بوند بہر بہی دُرِّ غلطان نی — مگر غصہ سہی کڑکڑ دانت پیسی اوسکی دندان پر
اونہین کیا فکر میری داغہای دل کی مرہم کی — چڑہاتا چادر گل کون ہی گور غریبان پر

(۴۶) وقار اصلاح میری حال کی تسلیم کرتی ہین
سدا چہایا رہا ابر سیہ میری گلستان پر (۸)

دوڑتا ہی دل مرا یون موی زلف یار پر — جس طرح چڑہتا ہی نٹ پہندیا کی کچی تار پر
جلوہ تعویذون کا یون ہی لف عنبر بار پر — طایرونکا غول اوڑتا جسطرح ہو مار پر
وقت گریہ چاہیے وہ مال مژگان پر مری — ڈالتی ہین پہ چہتی برسات مین دیوار پر
یہ رچا ہی زہر رگ رگ مین تمہاری لف کا — کاٹتے ہی چہالا پڑ جائی زبان مار پر
پہنکڑی اک کہیری مارکر پر عندلیب — لاف ہمرنگی جو ماری گل تری رخسار پر
پشت پر آیینہ کی تصویر طوطی دیکہکر — سبزہ کا کہایا ہی دہوکا یار کی رخسار پر
دیکہکر وہ گوری گوری سینہ پر بہٹی سیاہ — ہلنیکی کہتے ہین کہلا سوسن کا غنچہ نار پر

(۱۷) کون ہی جسنی مرا لوہا نہین مانا وقار
سر مین کاٹون گا کسی کی خنجر خونخوار پر (۷)

آج بیٹہی ہین وہ پہلو مین سنبہالی خنجر — حیف ہی دل کی نہ ارمان نکالی خنجر
ہاتہ مین رہتا ہی ہر وقت جو اوس کافر کی — دیکہی اور نہ کچہہ شاخ نکالے خنجر
دل بی جوش ہوس اسمری الفت کا شوق — چاہتا دل ہی کہ سینی مین چہپا لی خنجر
خوف کیا ہی نظر و ابرو و مژگانکا تری — ہمتو کہا یا کئی ہین چہپان بہالی خنجر

اگر گلی سی ملی شمشیر تری ای قاتل — دل بیتاب بھی آنکھون سی اوٹھا لی خنجر
رگ وپی جسم کی میری کوئی باقی نرہی — دل کی اچھی طرح تو توڑ لی چپلے خنجر

(۴۸) (۵)
آسمانکو یہ ہی ضد قتل اگرچاہون وقار
دست قاتل مین ہنین دی کی گا لے خنجر

ردیف رای ہندی

ای ترک وزر و زکا جھوٹا بہانہ چھوڑ — ورنہ مری گلی کا تو تسمہ لگا نہ چھوڑ
گلچین کے ساتھ ہی صیاد و بلبلو — بگڑی ہوا ہی باغ ہی دو آشیانہ چھوڑ
قسمت کا جو لکھا ہی وہ گھر بیٹھی آئیگا — چلکی کی طرح دی تو کوئی فکر دانہ چھوڑ
قارون تو لی گیا مگر اس عہد کی بخیل — جائینگی اپنا اپنا یہین سب خزانہ چھوڑ

(۴۹) (۶)
یہ اچھی شکل والی بری ہین نہ دل وقار
مختار تو ہے کہہ چکے ہم چھوڑ یا نہ چھوڑ

ردیف زای معجمہ

ایجاد کئی اوسنے وہ انداز پر انداز — استاد ہی فتنہ کا ہو شاگرد ہر انداز
رخنہ سی در انداز کی ہین وزن در بند — گھر کی خبر ابتک نہین او خانہ بر انداز
پھونکا ہی مجھی گرمی رفتار نی کسکی — جو چلنی مین میل ہی برنگ شرر انداز
سو بار چڑھی چرخ پہ ہار وقتی ہی ہر — تیر اسمانیا ئی کی کبھی فتنہ گر انداز
تاکا تری مژگان نی جسنی رسی مارا — ایسا نظر آتا نہین کوئی قدر انداز

(۵۰) مژگان ہی چھری تیر نظر نیزہ ہی قامت
ابرو ہے وقار اوسکی مگر تیغ سرانداز (۵)

ردیف سین مہملہ

پھٹ پڑی ہی بہار اب کے برس
مست ہین بادہ خوار اب کے برس

ہے بلا کے طرح خیال زلف
سیر سے سر پر سوار اب کے برس

برق سی سبھی رہے کہ ہے خود سر
نالہ شعلہ بار اب کے برس

آتے ہین بیڑیان بنانے کو
چار سو سے لوہار اب کے برس

(۵۱) اس کا ہو گا فسانہ اگلے سال
یہ جو کچھ ہے وقار اب کے برس (۹)

ردیف شین معجمہ

درد کو یار مری سر کی تلاش
اور سر کو ہے تو پتھر کی تلاش

جستجو جو مجھکو شراب ناب کی
شیخ کو ہے آب کوثر کی تلاش

بس ہے اک تیر ترازو آپ کا
طائر جان کو ہے شہپر کی تلاش

یا مژگان مین چھرے کی جستجو
یا دابرو مین ہے خنجر کی تلاش

خاک کو ہی یار پر دل لوٹ رہے
کون ہی جسکو ہے بستر کی تلاش

جز کفن پایا فرشتون نے نہ خاک
گو بہت کی جسم لاغر کی تلاش

کوچہ جانان مین دل پونہچائے گا
ہم نہین کرنے کی رہبر کی تلاش

سست یاد چشم ساقی سے کیا
جست و جو ہی کی نہ ساغر کی تلاش

وصف گیسو خط میں لکھا ہے وقار
مجھکو ہے کالے کبوتر کی تلاش

ردیف صاد مہملہ

میں آشنائی زمانہ میں مبتلائی حرص
باندہی ہیں توڑ توڑ کی امن میں پائے حرص

قارون کی مرگ سی یہ سمجھا ہوا ہی حل
جی لی کی جائیگا مرض لا دوائی حرص

موقوف لطف پہانسنا کرتی نہیں اسے
کالی بلا کی سر پہ چڑہی ہی بلائی حرص

ناغ کمان کو تیر کا ہرگز نہیں ہی ہم
نے کہٹکے چین کرتی ہیں نا آشنائی حرص

زر گر گیا تو چاک جگر گل کا ہو گیا
المختصر وقار یہ ہے انتہائی حرص

ردیف ضاد معجمہ

ہی عاشقوں کو وادی پرخار سی غرض
ہرگز نہیں ہی خلد کی گلزار سی غرض

وحشت پسند کو تری مطلب ہے وحشت سے
رکھتا ہی گہر سی کام نہ بازار سی غرض

بی کہٹکی آؤ جاؤ اندہیری اوجالی میں
کیا غیر کی ہی آپ کو گفتار سی غرض

زنار و سبحہ کو میں سمجھتا ہوں ہیچ و پوچ
اپنی نہیں ہی کافر و دیندار سی غرض

سنبل سے آنکہہ پٹی نہیں ہی نہ پہر پہر
ہی تیری قد و کاکل خمدار سی غرض

مسجد الگ [illegible]
[illegible] سی غرض

٥٤ عاشق ہون جیسے ابروِ خمدار پہ وقار
رگ رگ گلی کی رکھتی ہی تلوار سی غرض ٧

جو ہون پر ہی تری یار بہار عارض — ماہ قربان ہی خورشید نثار عارض
سایہ جبین ابر سیہ زلف رسا کا تیری — طور کی شمع بھی آئینہ دار عارض
لیل گیسو تری بہائی ہی سیہ بختی کو — طبع روشن کو پسند آیا نہار عارض
خال ہر مہ گانہ پونہچا ہی کا کیا کیا صدمہ — دیکھہ ایجان جہان تنگ ہی بار عارض
جلوۂ طور سے روپوش ہوا نظارہ — خاک پھر آنکھہ ہو موسی کی دوچار عارض
ماہ مین تیری جبین کی خنکی کا جلوہ — مہر محشر مین ہی کچھہ رنگ بخار عارض

٥٥ معتبر سادہ ورق لکھنی سی ہوتا ہی وقار
خط نوخیز ہوا وجہ وقار عارض ٧

ردیف طای حطی

خون قاصد سے کوکہ لکھا خط — آیا تو ترک بیوفا کا خط
کوئی دنیا مین پڑہ نہین سکتا — خط تقدیر سے ہمارا خط
جبکہ لکھکر زمین پر پھینکا — مرغ بسمل کی طرح تڑپا خط
فقرہ کسکا چلا نہ کوئی لفظ — اوسنی لکھوا کے ایسا بھیجا خط
غیر کے نام کا لکھا تیرا — سرہ آج ہمنے پایا خط
بار غم کے جو سے لکے تھے مضمون — نامہ بر سے اوٹھا نہ میرا خط

٥٦ شکر خالق کی مین کرون سجدے — ای وقار اونکا آج آیا خط ٩

کیون نہ اچھا ہو دلربا کا خط — ہے لکھا دست کبریا کا خط

ہو گیا دیکھکر مجھے سودا — اوس پری کا تھا کس بلا کا خط

بولے پڑھکر لفافہ کو میرے — یہ نہین ہے میرے آشنا کا خط

لاجوردی ہے صاف پر ہالہ — چشم مین کب ہے توتیا کا خط

مانگ خط استوا ہے تیرے — مہ و خورشید کفش پا کا خط

سخت کافر ہی وہ بت عیار — نہ پڑھے بندۂ خدا کا خط

عجز و منت کو پڑھ کے بولے وہ — نہین آتا ہے خوش ریا کا خط

وہ مٹاتے نہین خط عارض — ہین مٹاتے مگر خدا کا خط

(٥٧) کیون تڑپتے ہو تم وقار اوٹھو — لو مبارک ہو دلربا کا خط (٧)

ردیف ظای منقوطہ

نہ میزبان ہے یہان تو نہ مہمان محفوظ — مگر ہی ظلم رسائی سی آسمان محفوظ

شبانہ روز مچاتے ہین بین معاذ اللہ — نہ طوق شاد ہی مجھسی نہ بیڑیان محفوظ

یہ سچ گئی مری رگ رگ مین تلخکامی ہجر — ہوا نہ کہا کی سنگ یار ہڈیان محفوظ

ہوا یہ بگڑی ہی ان وزون ملک سخن کی — نہ نکتہ ور کوئی خوش ہی نہ نکتہ دان محفوظ

مین چھوٹی منہ سے کہون کیا بڑائی خالق کی — ہوئی وہ تشنگی مری غم کی داستان محفوظ

یہان ہی رنج معیشت وہان ہی دی گناہ — نہ کوئی شاد یہان ہی نہ ہی وہان محفوظ

۵۸
تری کرم سی ہزارون وقار ہین شادان
تو رہیو فضل الٰہی سے جاودان محفوظ
۵

ردیف عین مہملہ

روشن ہی میری قبر پہ گرچہ ہزار شمع
بخت سیاہ گل کری گل ایک بار شمع

جلنا جو تھا نصیب مین ان کی بعد بھی
چربی سی میری ڈھالتی ہین غمگسار شمع

ہرگز نپائیگی تری رخ کی سی روشنی
لیکر چراغ خلق مین ڈھونڈہی ہزار شمع

کیا ہو کسی حسین کو تری روبرو فروغ
سورج کی آگی جلتی نہین زینہار شمع

۵۹
دو پھول بھی وقار چڑہا سکے نہ ایکبار
پھر لائی خاک قبر پہ وہ گلعذار شمع
۵

ردیف غین منقوطہ

بادۂ الفت سے ساقی کی کیا ہی تر دماغ
کیون نہو مجھ رند کا عرش معلی پر دماغ

پتی پتی سے ہی جلوہ گلشن فردوس کا
باغبان کا ہو سمہ گل مین ملی کیونکر دماغ

ہم نہ کہتی تھی بہار ہی ہیل گل کی کان مین
شور سی خالی نکرا ہی بلبل مضطر دماغ

سرکشی کرتی ہی ہر شاخ گل بی نشہ مست و
گاو ریش اکثر ہوئی نوکیسگی سی خر دماغ

۶۰
زور روز رہی فضل رب ہی ساتہ اپنی اے وقار
